رہبر معظم اور تینوں قوا کے سربراہان کی موجودگي میں بنت رسول (ص) کی مجلس شام غریباں - 4 /Apr/ 2014

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای ، تینوں قوا کے سربراہان ، اعلی سول و فوجی حکام اور عوام کے مختلف طبقات کی موجودگی میں پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفی (ص) کینور چشم ،لخت جگر ،صدیقہ کبری حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی دردناک شہادت کی مناسبت سے مجلس شام غریباں منعقد ہوئی۔

مجلس شام غریباں میںخطباء و ذاکرین نے پیغمبر اسلام (ص) کے اہلبیت (ع) کے فضائل و مصائببیان کئے، عزاداروں نے پیغمبر اسلام (ص)کی لخت جگر کی غمناک شہادت پر آہ و بکا اورگریہ و ماتم کیا ۔

حسینیہ امام خمینی (رہ) حضرت فاطمہ (س)کی شہادت کے سلسلے میں مجالس عزا کا سلسلہ بروز جمعہ مطابق 15 فروردین 1393 ہجری شمسی پانچ دن تک جاری رہےگا۔